# سوال

اللہ تعالی کا شکریہ ادا کرنے کا طریقہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کا شکر کس طرح ادا کریں۔ ؟ یعنی کون سی دعائیں پڑھیں اور مسنون اعمال کریں کہ اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا ہو اور نعمتیں بڑھیں۔ اور کیا یہ دنیاوی نعمتیں ہوں گی یا دنیا و آخرت دونوں جہاں کی نعمتیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

الحمد للہ سے شروع ہونے والی تمام دعائیں اللہ کے شکریہ پر مشتمل ہیں،اور تمام نیک اعمال بھی شکریہ الہی کا ذریعہ ہیں۔ یہ نعمتیں دنیا وآخرت دونوں جہانوں کی ہو سکتی ہیں۔ کیونکہ اللہ نے مطلقاً زیادتی کا تذکرہ کیا اور ان کو دنیا یا آخرت کے ساتھ خاص نہیں کیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ :

''لَئِن شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ ''(ابراھیم :۷)

اگر تم اللہ کا شکریہ ادا کرو گے تو ہم زیادہ دیں گے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 7